


شمارہ:۵

# سپریم کورٹ پاکستان کے اہم فیصلے

## قانون فہمی ۔ عوامی آگاہی کے لیے

### باز خان بنام سرکار

**(Cr.A. No. 43/2020)**

بنیادی قانون (Act) ہمیشہ قواعد (Rules) سے بالاتر ہوتا ہے۔ قواعد اس قانون کو ختم یا غیر مؤثر نہیں کر سکتے جس کے تحت وہ بنائے گئے ہوں۔ لفظ "Shall" کا مطلب ہر جگہ لازمی (Mandatory) نہیں ہوتا۔ اگر بیان کردہ طریقۂ کار کی خلاف ورزی پر کوئی تعزیری نتیجہ مقرر ہو، یا اس سے قانون کا بنیادی مقصد متاثر ہوتا ہو، تو اس کا مطلب لازمی ہوتا ہے۔ لیکن اگر یہ صرف رہنمائی یا طریقۂ کار بیان کر رہا ہو، اور اس کی خلاف ورزی پر کوئی تعزیری نتیجہ مقرر نہ ہو یا اس سے قانون کا بنیادی مقصد متاثر نہ ہوتا ہو، تو یہ صرف ہدائیتی (Directory) ہوتا ہے۔

منشیات کے مقدمات میں فرانزک رپورٹ کے حوالے سے پرانے قواعد، 2001ء، میں جو تفصیلی طریقۂ کار لکھنے کی شرط تھی، وہ لازمی نہیں ہے۔ اس شرط کی خلاف ورزی سے رپورٹ ناقابلِ قبول نہیں بنتی۔نئے ترمیم شدہ قواعد کے مطابق اگر صرف تسلیم شدہ ٹیسٹ (Recognized Test) کا نام درج ہو تو یہ کافی ہے۔ مکمل طریقۂ کار (Protocols) لکھنا ضروری نہیں۔

---

### احمد سعید بنام سرکار

**(C.A.No. 649/2022)**

جس اعترافی بیان سے ملزم بعد میں منحرف ہوجائے تو ایسا اکیلابیان سزا کےلیے بنیاد نہیں بن سکتا جب تک اس کی تائید میں دیگر مضبوط ثبوت موجود نہ ہوں۔ دفعہ 164 ضابطہ فوجداری کے تحت دیا گیا اعترافی بیان پورا قبول یا پورا رد کیا جائے گا، اس کے کچھ حصے کو چھوڑ کر اور کچھ حصہ پر انحصار کرکے فیصلہ کرنا درست نہیں۔ دفعہ 164 ضابطہ فوجداراں کے تحت مجسٹریٹ کو اعترافی بیان ریکارڈ کرتے وقت (خاص طور پر سیاستدانوں کے مقدمات جن میں جھوٹے الزامات لگنے کا خدشہ ہوتا ھے) انتہائی احتیاط سے کام لینا چاہیئے اور قانون کی مکمل پابندی کرنی چاہیئے۔

---

### ندیم اختر بنام منور احمد

**(C.P.L.A.No. 1086/2019)**

ریونیو ریکارڈ میں موجود اندراجات کو قانوناً درست تصور کیا جاتا ہے، جب تک کہ انہیں مضبوط اور قابلِ اعتماد ثبوت کے ذریعے غلط ثابت نہ کر دیا جائے۔ پرانے اور طویل عرصے سے چلے آرہے ریونیو اندراجات، مثلاً جمع بندی (Jamabandi) وغیرہ، کو درست مانا جاتا ہے، خصوصاً جب ان کی بنیاد پر کسی تیسرے فریق کے حقوق قائم ہوچکے ہوں۔

ایسے معاملات جن کا اصل مقصد ریونیو ریکارڈ کی تصحیح یا درستگی ہو، ان پر سول عدالت کو اختیارِ سماعت حاصل نہیں ہوتا۔

قانون وانصاف کمیشن پاکستان
سپریم کورٹ بلڈنگ
شاہراہِ دستور، اسلام آباد